کارپوریٹ ٹیلی گراف

# توانائی کا مستقبل ایل این جی سے منسلک ہے: وزیرِ پیٹرولیم و قدرتی وسائل


















پاکستان میں توانائی کا مستقبل براہِ راست لیکویفائیڈ نیچرل گیس (LNG) سے منسلک ہے ۔ یہ بات وزیرِ پیٹرولیم و قدرتی وسائل جناب شاہد خاقان عباسی نے کہی ۔انھوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ اگر چند سال پہلے فیول کی بچت کی ہوتی تو آج ملک کو گیس کی کمی کے بحران کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔

"ایل این جی آوٹ لُک" کے موضوع پر منعقدہ سیمینار میں بطور مہمانِ خصوصی بات کرتے ہوئے انھوں نے ملک میں توانائی کی صورتحال پر روشنی ڈالی اور ایل این جی کی در آمدات کے مختلف پہلوؤں اور اس سلسلے میں مستقبل کے لئے حکومت کے منصوبوں کے بارے میں بتایا۔سیمینار کا انعقاد پیٹرولیم انسٹیٹیوٹ آف پاکستان(PIP) کی جانب سے کیا گیا۔ سیمینار کے انعقاد کا مقصد تمام حصص یافتگان کو ایک ایسا پلیٹ فارم فراہم کرنا تھا جہاں وہ گیس کے موجودہ مسائل پر بحث اور تجزیہ کرسکیں۔

جناب شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ ایل این جی پاکستان میں توانائی سے متعلق مسائل کا کم لاگت حل ہے ۔انھوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں ایل این جی کی در آمدات کو تیل سے منسلک کیا جائے گا۔

سیمینار میں انرجی کے شعبے سے وابستہ اعلیٰ افسران کے ساتھ ساتھ غیر ملکی وفود، حکومتِ سندھ کے توانائی کے شعبے اور آئل اینڈ گیس ریگیولیٹری اتھارٹی کے نمائندوں نے شرکت کی۔

شرکاء میں بورڈ آف انویسٹمنٹ کے چیئر مین ڈاکٹر مفتاح اسماعیل، پی ایس او کے مینجنگ ڈائریکٹر اور PIP کے چیئر مین جناب عمران الحق، ISGS کے ایم ڈی جناب مبین صولت اور PQA کے چیئر مین آغا جان اختر بھی شامل تھے۔

PIP ایک غیر سرکاری ادارہ ہے جس کا قیام 1963 میں بطور انرجی ایڈ وائزری باڈی عمل میں آیا جس پر حکومت، صنعت اور تعلیمی ادارے انحصار کر سکتے ہیں۔ملک کی 26 بڑی گیس کمپنیاں اس کی ممبر ہیں۔

# پی ایس او کے بورڈ آف مینجمنٹ کی تشکیلِ نو کے بعد پہلا اجلاس



نومبر 2015 میں پاکستان میں آئل مارکیٹ لیڈر، پاکستان اسٹیٹ آئل لمیٹڈ کے بورڈ آف مینجمنٹ (BoM) کی تشکیلِ نو کے بعد

پی ایس او ہیڈ آفس کراچی میں بورڈ کا پہلا اجلاس منعقد کیا گیا۔ بورڈ کے تعارفی اجلاس کے دوران میں بورڈ آف مینجمنٹ کے اراکین کو کمپنی مینجمنٹ اور کمپنی کے افعال کے بارے میں بتایا گیا۔


اجلاس کی صدارت وزیرِ اعظم کے مشیر جناب مصدق ملک نے کی ۔ نئے بورڈ آف مینجمنٹ کے ممبران جناب زاہد میر، جناب حسن نواز تارڑ، ایم ڈی اور سی ای او پی ایس او، جناب شیخ عمران الحق اور ڈی ایم ڈی اور سی ایف او، پی ایس او جناب یعقوب ستار بھی اجلاس میں موجود تھے۔

پی ایس او کے ایم ڈی اور سی ای او جناب شیخ عمران الحق نے اجلاس میں شرکت اور کمپنی کو رہنمائی فراہم کرنے کے لئے بورڈ کے اراکین کا شکریہ ادا کیا۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ کمپنی تمام حصص یافتگان اور ملک کے منافع میں اضافے کے لئے بہترین کاروباری طریقے اختیار کرے گی۔

# پی ایس او ویب سائٹ کا نیا آغاز


سی سی ڈپارٹمنٹ نے کو کارپوریٹ ویب سائٹ www.psopk.com میں مزید بہتری اور صارفین کے لئے اس کا استعمال مزید آسان بنانے کے بعد یکم جنوری 2016 کو ویب سائٹ ری لانچ کی۔ اسی دن کارڈز مائیکرو سائٹ http://cards.psopk.com بھی لانچ کی گئی۔ کارڈز مائیکرو سائٹ کا مقصد پی ایس او کارڈز کی مکمل کوریج فراہم کرنا اور مارکیٹنگ اور تشہیری سرگرمیاوں کو مزید موثر بنانا ہے۔ ویب سائٹ میں کارڈ پورٹ فولیو سے متعلق مختلف مصنوعات اور خدمات سی تفصیلی معلومات فراہم کی جائیں گی۔






# بانیءِ پاکستان کو خراجِ تحسین

پی ایس او نے 25 دسمبر 2015 کو قائدِ اعظم محمد علی جناح کا یومِ پیدائش منایا۔ ہم ان کی بصیرت پر ان کو سلام پیش کرتے ہیں اور کمپنی کی جانب سے قوم کی زیادہ سے زیادہ خدمت کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔



# پی ایس او کی 39ویں سالگرہ




پی ایس او ہاؤس میں 30دسمبر 2015 کو کمپنی کی 39ویں سالگرہ کے سلسلے میں پی ایس او ڈے منایا گیا۔اس موقع پر کیک کاٹا گیااور سینئر منیجمنٹ اور سی بی اے کے مختلف نمائندوں نے پی ایس او فیملی سے خطاب کیا۔جس میں جی ایم (سی بی) راجہ عمران اللہ، جی ایم (فنانس) جناب عزیز ہیمانی،ڈی جی ایم (ایچ آر) جناب رانا ادریس اور وائس پریذیڈنٹ سی بی اے (کے ٹی سی) جناب داؤدخان شامل تھے۔

مقررین نے سال بہ سال کمپنی کی ترقی میں ملازمین کی کوششوں کو سراہا۔انھوں نے پی ایس او فیملی پر زور دیا کہ انھیں ایک ایسی کمپنی کا حصہ ہونے پر فخر ہونا چاہئے جو نہ صرف قومی آئل مارکیٹ لیڈر رہے بلکہ پاکستان کی معیشت مستحکم کرنے میں بھی پیش پیش ہے۔انھوں نے ملازمین کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ کمپنی کو ترقی کی نئی منزلوں تک لے جانے کے لئے اپنی ذمہ داریاں پوری ایمانداری سے ادا کریں۔


تقریب میں ملازمین کی آراء پر مبنی ایک ویڈیو فلم بھی دکھائی گئی۔تقریب کے اختتام پر پی ایس او فیملی نے اس بات کا عہد کیا کہ وہ کمپنی اور ملک کے لئے پوری ذمہ داری، لگن اور ایمانداری سے فرائض کی ادائیگی جاری رکھیں گے۔











## کیمپس ڈرائیوز

پی ایس او کے ہیومن ریسورسز ڈپارٹمنٹ نے صنعت اور تعلیمی اداروں کے درمیان خلاء کو پُر کرنے کے لئے ایک اور قدم اٹھایا اور پی ایس او اور تعلیمی اداروں سے فارغ التحصیل طلباء کے ساتھ زیادہ انٹرایکٹو سیشنز کا انعقاد کیا۔اس سلسلے میں 11 اور 31 دسمبر 2015 کو بالترتیب دو سیشنز NUST اور NED یونیورسٹی میں منعقد کئے گئے۔

سیشن کا مقصد ایمپلائر برانڈنگ کی حکمتِ عملی کو استعمال کرنا، معروف اداروں کے طلباء کو متوجہ کرنا، ان کی معاونت کرنا اور انجینئرنگ کا کام سامنے لانے کے لئے ان کی حوصلہ افزائی کرنا تھا۔سیشن کی صدارت ڈی ایم ڈی (فنانس)/سی ایف او جناب یعقوب ستار نے کی۔ کمپنی کے دیگر نمائندوں میں ڈی جی ایم (ہیومن ریسورسز) محترمہ سمیرا منظر، جی ایم (ٹریننگ اینڈ او ڈی) محترمہ شمائل شرف شاہ، ڈی جی ایم (ہیومن ریسورسز) جناب رانا محمد ادریس اور سینئر ایگزیکٹو (ہیومن ریسورسز) محترمہ ماریہ قریشی بھی سیشن میں موجود تھیں۔

## ملازمت میں ترقی کے لئے سیشنز

ایچ آر ڈپارٹمنٹ ادارے میں ملازمت میں ترقی کے لئے معیاری طریقہء کار کے مطابق ہفتہ وار تربیتی سیشن کا انعقاد کر رہا ہے۔اس سلسلے میں ملازمین کو HAY طریقہء کار کے مطابق کام کے تجزیے کے تحت اس بات کی تربیت دی جائے گی کہ ملازمت میں ترقی کس طرح کی جاسکتی ہے۔ یہ طریقہ ادارے اپنے تنظیمی ڈھانچے کے تناظر میں ملازمین کے فرائض کو مدِ نظر رکھتے ہوئے استعمال کرتے ہیں۔ یہ مشق مکمل ہو جانے پر ریکروٹمنٹ، جاب روٹیشن/ٹرانسفرز ٹریننگ کی ضروریات، پرفارمنس مینجمنٹ، سکسیشن پلاننگ وغیرہ کے شعبوں کے فیصلوں میں مدد ملے گی۔

## آگ سے بچاؤ کی تربیت

ایچ ایس ای ڈپارٹمنٹ کے اشتراک سے ٹی اینڈ او ڈی ڈپارٹمنٹ نے آگ سے بچاؤ کی سرٹیفائیڈ تربیت کا انعقاد کیا۔اس سلسلے میں پورے پاکستان سے تمام آپریشنل فیسیلیٹیز کے متعلقہ عملے نے ٹرمنل سی، محمود کوٹ اور سہالہ تنصیبات پر ان تربیتی مشقوں میں حصہ لیا۔












## پشاور ایوی ایشن پر طبی کیمپ

ایچ ایس ای ڈپارٹمنٹ کے اشتراک سے پشاور ایوی ایشن ٹیم نے 23 دسمبر 2015 کو ایک طبی کیمپ لگایا۔اس سیشن میں ہیپاٹائٹس بی کے مفت طبی ٹیسٹ کیے گئے۔اس موقع پر تمام اسٹاف اور قریبی ایئرلائن کے عملے اور گراؤنڈ ہینڈلنگ ایجنسیوں مثلاً پی آئی اے، ایئر بلو، شاہین ایئر انٹرنیشنل، رائل ایئرپورٹ سروسز، شاہین ایئرپورٹ سروسز اور سول ایوی ایشن اتھارٹی کے عملے نے بھی شرکت کی۔

## پروکیورمنٹ مینجمنٹ اور کامیابی کے عوامل

پروکیورمنٹ اینڈ سروس ڈپارٹمنٹ انتظام کے عمل کو بہتر بنانے کے لئے مسلسل کوشاں ہے، کیونکہ پروکیورمنٹ مینجمنٹ کاروباری فعال کی کامیاب انجام دہی کے لئے ایک اہم عنصر ہے۔یہ کاروباری مقاصد اور حصص یافتگان کی توقعات پوری کرنے میں مددگار ہے۔

اسٹریٹیجک پروکیورمنٹس میں افعال کی کامیاب انجام دہی کے چار اہم عوامل یہ ہیں؛

ادارے کے مقاصد کے حصول میں بہتری، بچت، اعلیٰ معیار اور ہم آہنگی کے لئے منصوبہ، align، حصول اور مینجمنٹ کے اقدامات کیے گئے ہیں۔




## سیفٹی آبزرویشن اینڈ ریکمنڈیشن

ہیلتھ، سیفٹی اینڈ اینوائرنمنٹ ڈپارٹمنٹ نے کمپنی میں ایچ ایس ای کلچر کو فروغ دینے کے لئے سیفٹی آبزرویشن اینڈ ریکمنڈیشن (SOR) سسٹم متعارف کروایا ہے۔جس کا مقصد ملازمین میں ماحول کو محفوظ بنانے اور ایچ ایس ای سے متعلق آپریشنل ایکسیلنس کے لئے اپنا کردار ادا کرنے کا جذبہ پیدا کرنا ہے۔ SOR لوگوں، پلانٹ، افعال اور کارکردگی کے لئے تجاویز کا کارڈ سسٹم ہے۔

اس سلسلے میں مختلف پی ایس او مقامات بشمول ہیڈ آفس، ڈویژنل آفس فیسیلیٹیز وغیرہ پر SOR بکس رکھے گئے ہیں۔اگر کوئی ملازم یا وزیٹر کوئی غیر محفوظ عمل، حالات کی نشاندہی کرنا چاہتا ہے یا تحفظ سے متعلق کوئی تجویز پیش کرنا چاہتا ہے تو وہ کارڈ پُر کرکے ڈبے میں ڈال سکتا ہے۔متعلقہ اسٹیشن ان مشاہدات کا جائزہ لے گا اور ان پر عمل درآمد کرے گا۔

